DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i4.7435

# مختلف تعلیمی سیاق و سباق میں سیرت النبی ﷺ کی تعلیم کے لیے جدید طریقے وضع کرنا: ایک تعارفی مطالعہ

فرہاد اللہ ❁
سعد سعود جان ❁

# Developing Modern Methods for Teaching the Sīrah of the Prophet (peace be on him) in Diverse Educational Contexts: An Introductory Study

Farhadullah❁
Saad Saud Jan❁

**ABSTRACT:** This study examines the pedagogical imperative of teaching *Sīrat al-Nabī* (peace be on him) through contemporary educational methodologies, arguing that an effective transmission of prophetic guidance requires harmonizing classical Islamic pedagogy with modern learning sciences. Drawing upon Qur'ānic foundations of human learning and Prophetic practice, the article contextualizes the centrality of the Prophet's (peace be on him) life as the interpretive key to Islamic belief, law, ethics, and social conduct. It surveys traditional instructional models and contrasts them with current approaches—project-based learning, problem-based learning, discussion-based pedagogy, digital and technology-enhanced learning, game-based learning, story-telling, virtual reality, and artificial intelligence. The research demonstrates that these methods, when employed within the ethical limits of Islamic tradition, can enhance learners' engagement and comprehension of the Prophet's (peace be on him) multifaceted exemplary life. Special attention is given to curriculum reform, integration of *sīrah* across educational tiers, and the pedagogical potential of digital platforms and community-based initiatives such as al-Burhān Sīrah Circles. The article concludes that updating *sīrah* education to meet contemporary cognitive and technological realities is essential for cultivating morally grounded individuals capable of addressing modern challenges,

❁ اسسٹنٹ پروفیسر، کوہاٹ یونی ورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، کوہاٹ۔
❁ ایم۔فل سکالر، کوہاٹ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، کوہاٹ۔

❁ Assistant Professor, Kohat University of Science and Technology, Kohat. (dr.farhadullah@kust.edu.pk)
❁ M. Phil Scholar, Kohat University of Science and Technology, Kohat.

provided that reverence for prophetic dignity and the ethical constraints of Islamic law remain paramount.

**Keywords**: Sīrah, education, training, methodology, contemporary cognitive

**Summary of the article:**

The article then offers a theological and philosophical justification for the centrality of *sīrah* in Islamic education. Because the Prophet Muhammad (peace be on him) is the final messenger and the practical embodiment of the Qur'ān, understanding his life is essential for comprehending Islamic beliefs, ethics, jurisprudence, and social norms. Numerous Qur'ānic verses and Prophetic traditions demonstrate that obedience to him is synonymous with obedience to God, and that his life serves as the most authoritative model for anyone seeking divine pleasure and moral excellence. The article further highlights that love for the Prophet (peace be on him) is not merely devotional but spiritually transformative, shaping a person's character, moral aspirations, and ultimate destiny.

After establishing this foundation, the article surveys various teaching methodologies—traditional, modern, technological, and interactive. Traditional methods emphasize memorization and teacher-centered instruction, which, while historically useful, no longer suffice in an age of abundant information and shifting cognitive preferences. Modern methods—such as project-based learning, problem-based learning, and discussion-led inquiry—engage students actively, encouraging critical thinking, collaboration, and independent exploration. Technology-based learning, including online lectures, digital resources, projection tools, and multimedia presentations, is shown to enhance comprehension through visualization and interactive learning.

Building on this, the article outlines specific strategies for modernizing *sīrah* education. These include:

- **Digital learning**, using online lectures, videos, slides, and interactive illustrations that mirror the Prophet's (peace be on him) own use of visual and practical examples.
- **Game-based learning**, employing quizzes, tasks, challenges, and educational applications to enhance engagement, modeled on Prophetic methods that used questioning and analogies to stimulate thought.
- **Project-based learning**, enabling students to investigate *sīrah* topics through collaborative projects, seminars, and applied research, reflecting the Prophet's (peace be on him) encouragement of practical participation, responsibility, and leadership.
- **Storytelling through modern media**, such as animated videos, documentaries, and digital visualizations of historical events, battles, and geographical settings, making *sīrah* accessible and relatable.
- **Artificial intelligence and virtual reality**, offering immersive learning experiences, virtual tours of sacred and historical sites, and personalized content delivery.

The article also emphasizes the ethical boundaries required by Islamic teachings: although modern digital tools are valuable, depictions of Prophets and their

companions must avoid representational imagery that disrespects their sanctity. Instead, symbolic representations, maps, and non-figurative animations should be used.

A significant portion of the article examines existing initiatives in Pakistan, especially the *al-Burhān Sīrah Circles*, a nationwide program that has successfully implemented project-based and discussion-oriented *sīrah* learning in dozens of cities. These circles, guided by scholars and trained facilitators, have reached tens of thousands of participants and demonstrate the effectiveness of structured, community-based *sīrah* education. The article also reviews mobile applications such as *Islam360* and *IslamOne*, which provide structured, accessible *sīrah* learning using digital storytelling and organized content modules.

In its findings, the article asserts that contemporary Muslim societies urgently need to modernize *sīrah* education to address current intellectual, moral, and social challenges. Since the Prophet's (peace be on him) life encompasses guidance on all aspects of personal, social, political, and ethical conduct—and is divinely guided—its study is indispensable. Technology, when used responsibly, can make this guidance more accessible and relevant.

The article concludes with key recommendations: integrating *sīrah* meaningfully into national curricula at all educational levels; encouraging both religious and secular institutions to adopt modern teaching methods; and urging state authorities, under constitutional obligations, to support and promote Islamic education, particularly *sīrah*. Enhanced, modernized *sīrah* education is presented as essential for cultivating morally upright, knowledgeable, and socially responsible citizens capable of contributing positively to contemporary society.

درس و تدریس یعنی سیکھنا سکھانا انسان کی بنیادی ضروریات میں سے ہے اور یہ ایک اہم وجہ ہے جس کی وجہ سے انسان کو اشرف المخلوقات کہا گیا اور مسجود ملائکہ بنایا ہے۔ اگر ہم اس واقعے کا جائزہ لیں کہ جب ملائکہ کو حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ ریز ہونے کا حکم دیا گیا تو اس کی وجہ حصول علم تھا اور اس میں سیکھنے کی صلاحیت کا ہونا تھا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِئُوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ﴾ (۱)

(اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو سب نام سکھائے پھر ان کو فرشتوں کے سامنے پیش کر کے فرمایا مجھے ان چیزوں کے نام بتلاؤ اگر تم سچے ہو۔)

حضرت آدم کو کچھ چیزوں کے نام سکھلائے گئے تھے۔ مفسرین ذکر کرتے ہیں کہ یہ نام آدم اور فرشتوں دونوں کو سکھلائے گئے تھے، لیکن فرشتوں کی چوں کہ ان چیزوں سے مناسبت نہیں تھی تو انھوں نے

۱۔ القرآن، ۲:۳۱۔

پوچھنے پر عجز کا اظہار کیا۔[۲] اور اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سیکھنے سکھانے کی ابتدا انسان کی تخلیق کے ساتھ ہی ہوئی اور یہ ایک واحد ذریعہ ہے انسان کو علم سکھلانے کا۔ البتہ اس کے طریقے وقت اور زمانے کے اعتبار سے مختلف ہوسکتے ہیں، کوئی ایک مخصوص طریقہ متعین نہیں جیسا کہ اس آیت میں کہ دیا گیا کہ سکھائے گئے۔ اب کیسے سکھائے؟ یہ نہیں بتایا گیا؛ لہٰذا زمانے اور مخاطب کے لحاظ سے اس میں تبدیلی ممکن ہے۔ ضروری نہیں کہ جو طریقہ ایک زمانے میں فائدہ مند ہو وہ ہمیشہ کے لیے فائدہ مند رہے۔

فصاحت اور بلاغت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ کلام مقتضاے حال کے مطابق یعنی وقت، حالات اور مخاطب کی حالت کی رعایت کے ساتھ ہونا چاہیے، تاکہ مخاطب کو مکمل فائدہ حاصل ہو۔ نبی اکرم ﷺ کی زندگی کو دیکھیں تو انھوں نے بھی ہر وہ راستہ اپنایا کہ جس سے وہ اپنی بات دوسروں تک بہتر طریقے سے پہنچا سکیں۔ کبھی حج کے موقع پر جب مختلف ممالک سے لوگ آتے تو آپ ﷺ انھیں دین کی تبلیغ کرتے، کبھی پہاڑ سے اہلِ مکہ کو مخاطب کیا تاکہ تمام لوگ سن سکیں۔

## تحقیق کے مقاصد

زیر نظر تحقیق کا مقصد جدید طرز تعلیم کا تعارف کر کے سیرت النبی ﷺ کی اہمیت بیان کرنے کے بعد اس کی تعلیم کو جدید طرز پر ڈھالنے کے متعلق تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ہے۔ اس میں شریعت کی تعلیمات کو مد نظر رکھ کر سیرت النبی ﷺ کی تعلیم کو عام کرنے کے لیے اقدامات کے بارے میں بحث کی جائے گی؛ نیز ان جدید طریقوں کے متعلق بحث کی جائے گی کہ کون سے طریقوں سے کس طرح سیرت النبی ﷺ کی تعلیم کا آج کل کے باقی علوم کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکیں، دوسرا یہ کہ ملک میں مختلف نصابوں کا جائزہ پیش کر کے سیرت کے حوالے سے نصابوں کی کمی بیشی کو واضح کیا جائے۔

## سیرت کی اہمیت

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کی اور اس کو اس دنیا میں اپنی عبادت کے لیے بھیجا، اب اللہ کی عبادت کیسے کی جائے گی؟ اس کے لیے علم کی ضرورت تھی۔ اس علم کے لیے انسان کو عقل اور حواس خمسہ عطا کیے گئے تاکہ وہ ان سے کچھ چیزوں کا علم حاصل کر سکے، لیکن بعض امور ایسے تھے کہ جو عقل اور حواس خمسہ سے نہیں جانے جاسکتے تھے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی اور وحی کے لیے اللہ تعالیٰ نے کچھ بندوں کو منتخب کیا جو انبیاے کرام کی

---

۲۔ مفتی غلام الرحمن، **محاسن القرآن** (پشاور: العصر اکیڈمی)، ۱: ۱۵۰۔

ایک جماعت تھی جو وقتاً فوقتاً آتے رہے اور اپنی اپنی قوم کو صراط مستقیم کی طرف بلاتے رہے جنھوں نے وقت کے پیغمبر کی بات مانی وہ کام یاب ہوئے اور جنھوں نے ان کو جھٹلایا وہ ناکام ہوئے۔

نبی اکرم ﷺ اللہ کے آخری پیغمبر بن کر مبعوث ہوئے اور قیامت تک کے لیے اب کوئی پیغمبر نہیں آئے گا۔ اس وجہ سے پیغمبر ﷺ کی پیروی ہی میں اللہ تعالی کی پیروی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ﴾[۳] (جس نے رسول ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔)

آیت کا معنی ظاہر ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت میں ہی اللہ کی اطاعت ہے جو کہ انسان کی تخلیق کا بنیادی مقصد ہے۔ دینِ اسلام کے بنیادی مآخذ میں قرآن و حدیث ہیں۔ اس کے علاوہ ثانوی مآخذ ہیں وہ سب اِنھی کے تابع ہیں۔ قرآن اللہ کا کلام ہے اور اس میں انسان کے لیے رہ نمائی موجود ہے، لیکن اس کو نبی اکرم ﷺ کی زندگی کے جانے بغیر سمجھنا ممکن ہی نہیں ہے کیوں کہ نبی ﷺ کی زندگی کا مقصد ہی قرآن کا عملی نمونہ پیش کرنا تھا، قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا﴾[۴]

(حقیقت یہ ہے کہ تمھارے لیے رسول اللہ ﷺ کی ذات میں ایک بہترین نمونہ ہے، ہر اس شخص کے لیے جو اللہ سے اور آخرت سے امید رکھتا ہو، اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرتا ہو۔)

نبی اکرم ﷺ کی زندگی کی اہمیت ہر لحاظ سے اہمیت کی حامل ہے کہ اس کے بغیر دین کا کوئی حکم سمجھنا یا ثابت کرنا تقریباً ناممکن ہے۔ قرآن کی تفسیر ہو، عقیدے سے متعلق کوئی ابہام ہو، فقہ کا کوئی مسئلہ ہو یا کوئی بھی معاشرتی مسئلہ ہو، سیاسی ہو یا اخلاقی اس کا بہترین حل ہمیں نبی کریم ﷺ کی زندگی ہی سے مل سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی زندگی کو بہترین نمونہ ان لوگوں کے لیے قرار دیا گیا جو اللہ اور آخرت کے دن پہ یقین رکھتے ہوں۔

دین اسلام کے مزاج کو سمجھنے کے لیے سیرت کا مطالعہ کرنا، اس کو سیکھنا اور سمجھنا ایک مسلمان کے لیے انتہائی ضروری ہے کیوں کہ اس کے بغیر شریعت کے احکام کی صحیح سمجھ اور عمل کرنے بہت سے اشکالات اور اعتراضات سامنے آسکتے ہیں؛ اس لیے جہاں دیگر علوم کا سیکھنا ضروری ہے جو صرف دنیاوی امور سے تعلق رکھتے ہیں وہاں سیرت کو سمجھنا اس لیے زیادہ اہم ہے کہ اس کا تعلق دنیا کے ساتھ بھی اور آخرت کے ساتھ بھی، کیوں کہ آخرت میں نبی ﷺ سے محبت کرنے والا جنت میں ہو گا۔ آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے:

---

۳۔ القرآن، ۴:۸۰۔

۴۔ القرآن، ۳۳:۲۱۔

عن أنس رضي الله عنه: «أن رجلا سأل النبي صلى الله عليه وسلم عن الساعة، فقال: متى الساعة؟ قال: وماذا أعددت لها؟ قال: لا شيء، إلا أني أحب الله ورسوله صلى الله عليه وسلم، فقال: أنت مع من أحببت.[۵]

(حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے قیامت کے بارے میں پوچھا کہ قیامت کب قائم ہوگی؟ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے قیامت کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ انھوں نے عرض کیا کچھ بھی نہیں سوائے اس کے کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ آں حضرت ﷺ نے فرمایا کہ پھر تمھارا حشر بھی انھیں کے ساتھ ہوگا جن سے تمھیں محبت ہے۔)

اس شخص نے عرض کیا کہ انھوں نے خاص اعمال یا عبادات کی کثرت تو نہیں کی، مگر وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتے ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمھارا حشر انھی کے ساتھ ہوگا جن سے تم محبت رکھتے ہو۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت انسان کو بلند مقام تک پہنچا سکتی ہے، بشرطے کہ یہ محبت سچی ہو اور عمل سے ظاہر ہو۔

ایک اور روایت میں ہے:

"أدبوا أولادكم على ثلاث خصال: حب نبيكم وحب أهل بيته وقراءة القرآن..."[۶]

(اپنی اولاد کو تین چیزیں سکھاؤ، اپنے نبی کی محبت، اہل بیت کی محبت اور قرآن پاک پڑھنا۔)

اس روایت میں اپنی اولاد کو تین چیزوں کی سکھانے کی تلقین کی گئی ہے جس میں نبی ﷺ اور اہلِ بیت کی محبت اور قرآن پڑھنا شامل ہیں، معلوم ہوتا ہے کہ یہ تینوں اہم امور ہیں، کہ بچپن ہی سے اسے سکھانے کے بارے میں کہا جارہا ہے۔

## تعلیم و تعلم کے طریقے

دنیا میں تعلیم و تعلم یعنی سیکھنے سکھانے کے مختلف طریقے مختلف اوقات میں رائج رہے ہیں، جیسا کہ اوپر ذکر بھی ہوا کہ اس کا کوئی ایک مخصوص طریقہ نہیں ہے کہ جس کا اپنانا لازم ہو۔ ذیل میں کچھ طریقوں کی وضاحت کی گئی ہے:

---

۵- محمد بن اسماعیل البخاری، **صحیح البخاري**، كتاب فضائل الصحابة، باب مناقب عمر بن الخطاب، رقم: ۳٦۸۸۔

٦- جلال الدین السیوطی، **الجامع الصغیر**، رقم:۱۲٦۴۔

## روایتی تعلیم و تعلم(Traditional Learning)

کئی زمانوں سے تعلیم و تعلم میں یہ طریقہ رائج رہا ہے کہ استاد سبق پڑھاتا ہے طلبہ اس کو سنتے ہیں اور لکھتے ہیں، استاد بعض مواقع پر طلبہ سے سوال کرتے ہیں تا کہ ان کی فہم اور سمجھنے کی صلاحیت کو جان سکیں۔ اس کے بعد طلبہ اس سبق کو یاد کرتے ہیں۔ حرف بہ حرف جیسا کہ استاد نے پڑھایا اسی طرح یاد کرنے پر زور دیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ ایک وقت تک کافی وقت تک فائدہ مند رہا، لیکن جب سے علمی ذرائع تک رسائی انٹرنیٹ اور دیگر ذرائع کے ذریعے آسان ہو چکی ہے تو اب یہ طریقہ اتنا فائدہ مند نہیں رہا جیسا کہ ایک دور میں ہوا کرتا تھا۔

## جدید تدریسی طریقے(Modern Teaching Methods)

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جب طلبہ میں استاد سے سبق سننے اور حرف بہ حرف یاد کرنے یعنی روایتی طریقہ خیر خواہ نتائج دینے میں مفید نہ رہا تو کچھ جدید طریقے تعلیم کے اپنائے گئے جن میں استاد کی طرف سے طلبہ کی رہ نمائی کی جاتی ہے اور انھیں خود پڑھنے کی ترغیب دی جاتی ہے، دوسرا یہ منصوبوں کی شکل میں سکھایا جاتا ہے جسے پروجیکٹ بیسڈ لرننگ(Project Based Learning) کہا جاتا ہے، تیسرا یہ کہ طلبہ کو حقیقی مسائل کی طرف سوچنے اور اس کے حل کو تلاش کروانے کا شوق دلایا جاتا ہے جسے پرابلم بیسڈ لرننگ( Problem Based Learning) کہا جاتا ہے، چوتھا یہ کہ مباحثہ (Discussion) کی صورت میں کسی بھی عنوان پر بحث کی جاتی ہے جس میں مختلف طلبہ اپنی مختلف سوچ کی بنیاد پر عنوان یا مسئلہ پر اپنے علم اور تحقیق کی روشنی میں بحث کرتے ہیں اور اسے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

## ٹیکنالوجی کا استعمال(Technology Based Learning)

جیسا کہ آج کل سائنس نے ہر چیز میں ترقی کی ہے تعلیم و تعلم کے میدان میں بھی ٹیکنالوجی کا استعمال شروع ہو چکا ہے، آج کل آن لائن ٹیچنگ مختلف موبائل ایپلیکیشن (Application) کے ذریعے کی جاتی ہے، اس کے علاوہ سیمی نار منعقد کیے جاتے ہیں، اس کے علاوہ کلاسوں میں پروجیکٹر کے ذریعے عنوان ویڈیوز (Videos)، سلائیڈز (Slides)، اور مختلف مواد جو کہ عنوان سے متعلق ہوتا ہے، اسے دکھا کر سمجھایا جاتا ہے، جس کے ذریعے عنوان کو سمجھنے اور سمجھانے میں آسانی ہوتی ہے۔ ٹیکنالوجی استاد اور طلبہ دونوں کے لیے فائدہ مند رہتی ہے کہ استاد اپنا علم عملی طور سے طلبہ کو دکھا کر سمجھاتے ہیں جس سے طلبہ کے ذہنوں میں عنوان کا خاکہ اچھی طرح سمجھ میں آجاتا ہے۔

اس کے علاوہ بہت سے سیمی نار جیسا کہ حج کے سیمینار، بینکنگ کے متعلق سیمی نار، میڈیکل فیلڈ کے متعلق سیمینار آن لائن اور پروجیکٹر (Projector) کے ذریعے بتلائے جاتے ہیں، جس سے کہ ان کو سمجھانے میں کافی مدد ملتی ہے۔ یہ طریقہ کار روایتی تعلیم سے زیادہ حد تک فائدہ مند ثابت ہوتا ہے کہ اس میں صرف زبانی طور سے تعلیم و تعلم ہوتا ہے؛ جب کہ ٹیکنالوجی کے ذریعے انسان کے سامنے عملی خاکہ بھی پیش کر دیا جاتا ہے۔

## سیرت کی تعلیم کے لیے جدید طریقے

سیرت کی تعلیم کی اہمیت ایک مسلمان اور ایک بہترین معاشرے کے تشکیل کے لیے انتہائی اہم ہے، اس وجہ سے اس کا ہمارے تعلیمی نصاب میں اور زندگی میں اس کو سیکھنے کا شوق اور جستجو کا ہونا نہایت اہمیت کا حامل ہے، کیوں کہ نبی ﷺ کی زندگی کا مقصد اللہ کا دین امت تک پہنچانا تھا جو انھوں نے مکمل طور سے اپنے اقوال اور افعال کی صورت میں امت تک پہنچایا۔ اسی وجہ سے قرآن نے نبی ﷺ کی زندگی کو بہترین نمونہ قرار دیا۔ اب نبی ﷺ کی زندگی پر عمل گویا اللہ کے دین پر عمل ہے۔ اسی وجہ سے قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ﴾[7] (جس نے رسول ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔)

نبی اکرم ﷺ کی زندگی سے ہمیں زندگی کے ہر شعبے سے وابستہ تعلیمات ملتی ہیں چاہے وہ عبادات سے متعلق ہوں، معاملات سے یا معاشرت سے، سیاست سے ہوں یا جنگی چالوں سے متعلق ہوں اور چاہے وہ دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات یعنی خارجہ پالیسی سے متعلق ہوں۔ نیز ہم ہر قسم کی رہ نمائی اللہ کے نبی کی زندگی سے لے سکتے ہیں۔ اسی وجہ مسلمان کے لیے قرآن اور حدیث کی شکل میں مکمل ضابطہ حیات موجود ہے اسے کسی قانون یا ضابطے کو مدون کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ ﷺ کی زندگی کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کے متعلق انتہائی اقدامات کی ضرورت ہے کہ اس کی اہمیت اور ضرورت نوجوان نسل کے سامنے اسی طرح ہو جیسا کہ باقی سائنسی اور جدید علوم کے بارے میں اور اس کے لیے تمام جدید اقدامات کیے جاتے ہیں۔ تمام تر ٹیکنالوجی اور سہولیات کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے برعکس سیرت النبی ﷺ صرف کتابوں تک محدود ہے، نصابوں میں اس کا خاطر خواہ حصہ موجود نہیں ہے اور جو ہے اس میں عدم دل چسپی اس کی اہمیت کو مانند کر دیتی ہے۔ لہٰذا اس کے متعلق وقت کے تقاضوں کے مطابق مندرجہ ذیل اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

---

۷۔ القرآن، ۴:۸۰۔

## نصابوں میں شمولیت

سب سے اہم اقدام جس کی ضرورت ہے وہ یہ کہ سیرت النبی ﷺ کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے، نہ صرف سکولوں اور کالجوں کی حد تک بلکہ یونی ورسٹیوں، میڈیکل کالج اور تعلیمی سرگرمیوں میں ان سے متعلق سیرت کا حصہ شامل کیا جانا چاہیے۔ صرف عصری ادارے ہی نہیں بلکہ دینی اداروں کو بھی اس میں کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

## جدید تدریسی طریقے

سیرت النبی ﷺ کی ترویج کے لیے تمام تر جدید تدریسی طریقے جو کہ باقی علوم کے سیکھنے کے لیے اپنائے جاتے ہیں وہ بھی اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ ذیل میں کچھ طریقے ذکر کیے جاتے ہیں۔

### ڈیجیٹل لرننگ

ڈیجیٹل لرننگ ایک جدید تدریسی طریقہ ہے جس کا مقصد تعلیم کو آسان اور مؤثر بنانا ہے، نبی ﷺ بھی آسانی کو پسند فرمایا کرتے تھے، آپؐ کا ارشاد مبارک ہے:

"ما خير النبي صلى الله عليه وسلم بين أمرين إلا اختار أيسرهما ما لم يأثم . . .الخ الحديث."[۸]

(نبی کریم ﷺ کو جب بھی دو چیزوں میں سے ایک کے اختیار کرنے کا حکم دیا گیا تو آپ نے ان میں آسان ہی کو پسند کیا، بشرطے کہ اس میں گناہ کا کوئی پہلو نہ ہو۔)

تدریس میں اس کا فائدہ استاد اور شاگرد دونوں کو ہوتا ہے کہ استاد اچھی طرح سے سبق سمجھا سکتا ہے اور شاگرد اچھی طرح سے سیکھ سکتا ہے۔ ڈیجیٹل لرننگ میں مختلف آن لائن لیکچرز، ویڈیوز، سلائیڈز (Slides) وغیرہ کی مدد سے طلبہ کو سکھایا جاتا ہے تو ان کے دماغ میں عنوان کا خاکہ اچھی طرح سے بیٹھ جاتا ہے، نبی کریم ﷺ سے خود بھی کبھی کبھار الفاظ کی بجائے عملی مثالیں اور خاکوں سے سمجھایا کرتے تھے، جیسا کہ ایک حدیث میں ہے کہ:

خَطَّ لَنَا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَطًّا ثُمَّ قَالَ: «هَذَا سَبِيلُ اللهِ ثُمَّ خَطَّ خُطُوطًا عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ وَقَالَ هَذِهِ سُبُلٌ عَلَى كُلِّ سَبِيلٍ مِنْهَا شَيْطَانٌ يَدْعُو إِلَيْهِ»[۹]

---

۸- محمد بن اسماعیل البخاری، **صحيح البخاري**، كتاب الحدود وما يحذر من الحدود، باب إقامة الحدود والانتقام لحرمات الله، رقم:۶۷۸۶۔

۹- محمد بن عبد اللہ الخطیب البغدادی، **مشكاة المصابيح**، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، رقم:۱۶۶۔

(رسول اللہ ﷺ نے ہمارے لیے ایک خط کھینچا، پھر فرمایا: "یہ اللہ کی راہ ہے۔" پھر آپ ﷺ نے اس کے دائیں بائیں کچھ خط کھینچے، اور فرمایا: "یہ اور راہیں ہیں، اور ان میں سے ہر راہ پر ایک شیطان ہے جو اس راہ کی طرف بلاتا ہے۔")

یہاں دیکھا جائے تو نبی کریم ﷺ نے ایک عملی اور تصویری طریقہ اپنایا اپنی بات کو اچھی طرح سمجھانے کے لیے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنی ساری زندگی میں دست یاب ذرائع میں جو بہتر ذرائع ہیں ان کو استعمال کیا؛ کیوں کہ ذرائع بالذات اچھے یا برے نہیں ہوا کرتے بلکہ ان کا استعمال ان کو اچھا یا برا بناتا ہے۔ ہمیں بھی اس دور میں دست یاب ذرائع میں سے جو آسان فہم اور مؤثر ذرائع ہیں تعلیم و تعلم کے وہ اپنانے چاہییں۔

خوش قسمتی سے نبی ﷺ کی زندگی اور ان کی سیرت کے تمام پہلو ہمارے پاس کتابی شکل میں محفوظ ہیں اور محدثین نے ان کی حفاظت کے لیے نہایت احتیاط سے کام لیا ہے، صرف ضرورت اس بات کی ہے اس لٹریچر کو جدید طرز میں ڈھالا جائے ان کو ویڈیوز، سلائیڈز(Slides)، اینٹریکٹو(Interactive) مواد کی صورت میں اور ان کی تعلیمی ماڈیولز(Modules) بنا کر اپنی تعلیم کا حصہ بنایا جائے، تاکہ سیرت النبی ﷺ جیسا اہم موضوع بھی باقی علوم کی طرح جدید شکل میں ہمارے سامنے موجود ہو اور نوجوان نسل میں اس کو وہ اہمیت حاصل ہو جو باقی علوم کو حاصل ہے۔

## گیم بیسڈ لرننگ(Game Based Learning)

یہ بھی ایک جدید تدریسی طریقۂ تعلیم ہے جس میں بنیادی طور سے کلاس روم میں استاد طلبہ کو اپنے عنوان میں شریک کرتا ہے اور یہ مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے کبھی کویز(Quiz) کبھی سوالات پوچھ کر، کبھی مختلف قسم کے ٹاسک دے کر، کبھی ان کے لیے کمپیوٹر اور موبائل ایپس اور گیمز بنائی جاتی ہیں، کبھی بورڈ گیمز وغیرہ سے۔ یہ مختلف طریقے اختیار کیے جاتے ہیں۔ اس کا فائدہ یہ ہوا کرتا ہے کہ طلبہ کو چوں کہ عملی طور سے خود اس میں شامل ہونا پڑتا ہے اس لیے وہ اس میں زیادہ دل چسپی لیتے ہیں اور توجہ بھی زیادہ ہوتی ہے۔ نبی کریم ﷺ سے اس طرح کا طریقہ تعلیم ہمیں معلوم ہوتا ہے، جیسا کہ ایک حدیث میں آتا ہے کہ:

صحبت ابن عمر إلى المدينة فلم أسمعه يحدث عن رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا حديثا واحدا، قال: كنا عند النبي صلى الله عليه وسلم فأتي بجمار فقال: إن من الشجر شجرة مثلها كمثل المسلم. فأردت أن أقول: هي النخلة، فإذا أنا أصغر القوم، فسكت، قال النبي صلى الله عليه وسلم: هي النخلة.[۱۰]

---

۱۰- البخاری، **صحيح البخاري**، كتاب العلم، باب الفهم في العلم، رقم:۷۲۔

(میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ مدینہ تک رہا، میں نے (اس) ایک حدیث کے سوا ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی اور حدیث نہیں سنی، وہ کہتے تھے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھجور کا ایک گابھا لایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درختوں میں ایک درخت ایسا ہے اس کی مثال مسلمان کی طرح ہے۔ (ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ یہ سن کر) میں نے ارادہ کیا کہ عرض کروں مگر چوں کہ میں سب سے چھوٹا تھا اس لیے خاموش رہا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی فرمایا کہ وہ کھجور ہے۔)

حدیث پہ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب صحابہ سے سوال کیا اور پھر جواب خود دے دیا تو اس کا ایک مقصد یہ ہو سکتا ہے کہ تمام صحابہ متوجہ ہو جائیں اور جب وہ متوجہ ہوئے اور کسی نے جواب نہیں دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود جواب دیا جس سے کہ سب کو جواب معلوم ہو گیا۔ تو یہ ایک طرح گیم بیسڈ لرننگ کا ہی طریقہ ہے جس میں طلبہ کو سبق میں کبھی عملی اور کبھی ذہنی طور سے شامل کیا جاتا ہے تا کہ وہ اچھی طرح سے سیکھ سکیں۔

سیرت کے متعلق بھی مختلف موضوعات جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں یعنی ہجرت سے پہلے اور بعد کے حالات، آپ کا تجارتی میدان میں کردار، بحیثیت سپہ سالار جنگوں میں حصہ لینا، معلم کی حیثیت سے صحابہ کرام کی تربیت، ازدواجی زندگی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق، کفار اور مشرکین سے معاملات کی نوعیت، دعوت و تبلیغ وغیرہ، ان تمام کے متعلق سوال نامے (Quiz)، مختلف عملی کام، سوالات و جوابات کی صورت میں، ان تمام کا اہتمام کیا جانا چاہیے تا کہ باقی علوم کے ساتھ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم بھی جدید انداز میں پڑھنے پڑھانے کا رواج عام ہو اور نوجوان نسل کو اس کی اہمیت اندازہ ہو۔

## پروجیکٹ بیسڈ لرننگ (Project Based Learning)

یہ بھی ایک جدید طریقہ تعلیم ہے جس میں مختلف مسائل کے حل کی تلاش تحقیق اور جستجو کے ذریعے، اسی طرح تھیوری کے بجائے عملی سرگرمیاں، گروپ پراجیکٹس کے ذریعے سیکھنا سکھانا، مختلف سیمینارز منعقد کرنا، گروہی مباحثے منعقد کرنا وغیرہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں اس کی کئی مثالیں موجود ہیں، جیسا کہ ہجرت کے بعد مسجد نبوی کی تعمیر جس میں صحابہ کرام کے ساتھ ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی اس کی تعمیر میں حصہ لیا۔ اس کے علاوہ غزوۂ خندق میں خندق کھودی گئی تو اس میں عملی طور سے تمام صحابہ کرام بشمول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی اس میں حصہ لیا۔ اس کے علاوہ مختلف مواقع میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوجوان صحابہ کو مختلف ذمے داریاں سونپیں جیسا کہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا، اسی طرح دیگر صحابہ کو کہیں قرآن کی تعلیم دینے کے لیے بھیجا، کہیں

جہاد کرنے کے لیے، کہیں اسلام کی دعوت دینے کے لیے۔

پراجیکٹ بیسڈ لرننگ کا فائدہ یہ ہوگا کہ طلبہ میں خود اعتمادی پیدا ہوگی وہ اپنی زندگی کے مسائل کے حل کو سیرت میں تلاش کرنے کی کوشش کریں، دین کے مزاج سے آشنائی حاصل کرسکیں گے۔

## کہانی سنانے(Story Telling) کا جدید اسلوب

یہ بھی آج کل کے دور میں جدید تدریسی عمل میں سے ایک ہے کہ جس میں واقعہ اور حالات کو متحرک (Animated) ویڈیوز کی شکل میں، ڈاکومینٹریز(Documentaries) کی شکل میں، رقمی متحرک تصاویر (Digital Animations) کی صورت میں بیان کیا جائے۔ سیرت النبی ﷺ کو بھی اسی انداز میں بیان کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کے غزوات میں صفوں کی ترتیب، جنگی نقشے اور ان علاقوں کی ویڈیوز تصاویر کے ساتھ ان کی ویڈیوز اور ڈاکومینٹریز بنا کر طلبہ کو اور مختلف انٹرنیٹ پلیٹ فارمز جیسے یوٹیوب(YouTube)، فیس بک(Facebook)، انسٹاگرام(Instagram)، ٹیلی گرام(Telegram) وغیرہ پہ اپلوڈ کی جائیں تاکہ اس سے استفادہ حاصل کرنے اور نبی کریم ﷺ کی زندگی کی سمجھنے میں مدد مل سکے۔

## مصنوعی ذہانت(AI) اور ورچوئل ریئلٹی(VR)

مصنوعی ذہانت آج کل کے دور میں سائنس کی ایک عظیم ٹیکنالوجی ہے جو کہ وجود میں آئی ہے اور اس کے فیچرز کا احاطہ کرنا مشکل ہے کیوں کہ فی الحال اس کی حدود کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا، البتہ یہ ایک مشینی ٹیکنالوجی ہے جو کہ انسانی دماغ کی طرح کام کرتی ہے، کسی بھی عنوان کے متعلق معلومات، اس کے متعلق تجزیہ اور مختلف حوالوں سے اس کی تفصیلات فراہم کرتی ہے، دنیا میں اس کا استعمال مختلف شعبہ ہائے زندگی میں ہو رہا ہے، تعلم، صحت، ٹرانسپورٹ، کاروبار، سائبر سیکیورٹی وغیرہ میں ہو رہا ہے۔

ورچوئل ریئلٹی (Virtual Reality) میں تھری ڈی(3D) اور سیمولیشن(Simulation) ٹیکنالوجی استعمال کرکے مختلف مقامات دکھائے جاتے ہیں اور اس طور سے کسی مقام کو دکھاتا ہے جیسا کہ انسان خود اسی میں گھوم رہا ہو۔

سیرت کے متعلق مصنوعی ذہانت(AI) اور ورچوئل ریئلٹی کی مدد سے مختلف مقامات کی مختلف مقامات کا ورچوئل دورہ جیسا کہ جتنے بھی مقدس مقامات ہیں اور تاریخی جگہوں کا دورہ کرنا۔ گھر بیٹھے ہی آپ ان کے بارے میں تمام تر تفصیلات اس طرح جان سکتے ہیں جیسا کہ آپ نے خود وہاں جا کر ان کا مشاہدہ کیا ہو۔

## سوشل میڈیا اور ای لرننگ پلیٹ فارمز

فیس بک(Facebook)، واٹس ایپ(WhatsApp)، یوٹیوب(YouTube)وغیرہ پر اور مختلف پوڈکاسٹ کے ذریعے سیرت النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی ترویج، اس کی اہمیت کو اجاگر کرنا تاکہ نوجوان نسل تک اس کے پیغام کو پہنچایا جائے، ای لرننگ پلیٹ فارمز جیسا کہ سکائپ(Skype)، زوم(Zoom) واٹس ایپ (Whatsapp) کو استعمال میں لاکر سیرت کے متعلق آن لائن سیشنز، سیمینارز اور آگاہی مہم شروع کی جائے جس میں سیرت کی اہمیت کو نوجوان نسل کے سامنے لایا جائے۔

## سیرت النبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے متعلق جدید طرز تعلیم میں احتیاط

نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی زندگی میں چوں کہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی ذات اور ان کے اصحاب کی زندگی کو جاننا سیکھنا ضروری ہے لیکن ان کے متعلق یہ احتیاط ضروری ہے کہ جدید طرز تعلیم و تعلم میں جہاں ان کی ویڈیوز، ڈیجیٹل تصاویر وغیرہ بنائی جائیں وہ عام ڈراموں اور فلموں کی طرح نہ ہوں کہ ان میں اداکار وغیرہ کسی ہستی کا کردار ادا کریں، بلکہ مقامات اور عام رواجی خاکوں سے انھیں بنانے کی کوشش کی جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ چوں کہ انبیاے کرام خاص طور سے مقدس ہستیاں ہیں اور ان کے اصحاب بھی بلند مرتبہ رکھتے ہیں اور ان کی تصویر سازی کے متعلق مذمت وارد ہوئی ہے۔ خود نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا اس بارے میں ارشاد مبارک ہے:

عن عائشة رضي الله عنها: "أن أم حبيبة وأم سلمة ذكرتا كنيسة رأينها بالحبشة فيها تصاوير، فذكرتا للنبي صلى الله عليه وسلم فقال: إن أولئك إذا كان فيهم الرجل الصالح فمات، بنوا على قبره مسجدا، وصوروا فيه تلك الصور، أولئك شرار الخلق عند الله يوم القيامة."[11]

(ام حبیبہ رضی اللہ عنہا اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے ایک گرجے کا ذکر کیا جسے انھوں نے حبشہ میں دیکھا تھا اس کے اندر تصویریں تھیں۔ انھوں نے اس کا ذکر نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے سامنے کیا تو آپؐ نے فرمایا: "جب ان میں کوئی نیک آدمی ہوتا اور وہ مر جاتا تو یہ اس کی قبر پر عبادت گاہ بنالیتے اور اس کی تصویریں بنالیتے، آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: یہ لوگ قیامت کے دن اللہ تعالی کے ہاں بدترین مخلوق ہوں گے۔")

جب کسی صالح آدمی کی تصویر سازی پہ اتنی سخت وعید ارشاد فرمائی تو انبیا کی ویڈیو سازی بطریق اولی حرام ہوگی، کیوں کہ تصویر کسی ایک رخ اور ایک زاویے سے ہوتی ہے جب کہ ویڈیو مختلف زاویوں سے ہوتی ہے، اس لیے

---

۱۱– البخاری، **صحيح البخاري**، كتاب مناقب الأنصار، باب هجرة الحبشة، رقم: ۳۸۷۳۔

گویا کسی نبی کی متعدد تصاویر کے حکم میں داخل ہو کر قطعاً حرام ہے۔ حرمت اس کی تصویر کی وجہ سے بھی ہے اور نبی کی توہین کی وجہ سے بھی۔[۱۲]

# ملک میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق جدید طرز تعلیم

## پروجیکٹ بیسڈ لرننگ

## البرہان سیرت سرکلز

البرہان ایک دینی ادارہ ہے جو کہ مولانا سید عدنان کاکاخیل کی نگرانی میں ملک کے بیش تر شہروں میں دینی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ تقریباً بائیس(۲۲) شہروں میں اس کے سینٹر قائم ہیں۔ اس میں مختلف پروگرامز ہیں جیسے درس نظامی، شباب البرہان اور نبوی حکمت(Prophetic Wisdom)وغیرہ؛ لیکن اس کی پہچان البرہان سیرت سرکلز کی وجہ سے بنی ہے اور یہ ملک بھر میں اس کی وجہ شہرت ہے۔

تقریباً چار سال کے عرصے میں البرہان نے سیرت سرکلز کے چھ مراحل مکمل کیے ہیں اور اب ساتواں جاری ہے۔ ان چھ مراحل میں پینسٹھ(۶۵) سے زائد شہروں میں پانچ ہزار سے زائد سیرت کے حلقے لگائے جس میں پچاس ہزار سے زائد طلبہ نے حصہ نے لیا جو کہ ایک بڑی کام یابی ہے کہ خلوص کے ساتھ یہ کام سرانجام پایا۔ اب خواتین اور بچوں کے حلقے بھی شروع کیے گئے ہیں اور باہر ممالک میں بھی یہ حلقے مختلف ناموں بنات البرہان، اطفال البرہان کے نام سے شروع کیے جاچکے ہیں۔

ابتدا میں بالکل سادہ نظام رکھا گیا کہ جو سیرت پڑھ رہا ہے وہ آگے دوسروں کو پڑھائے۔ بعد میں ملک بھر سے اس کے لیے علما کو دعوت دی گئی اور ان کے لیے تربیتی نشستیں سوات اور کراچی میں منعقد کی گئیں جس میں سینکڑوں علمانے شرکت کی۔ اس کا نظام کچھ اس طرح سے رکھا گیا ہے کہ ایک مرکزی مجلس سیرت بنائی گئی جو کہ سیرت کا تمام تر نظام کو دیکھتی ہے اور اس کے متعلق اہم فیصلے کرتی ہے اس کی زیر نگرانی پہلے صوبائی سطح پہ اور اب زونز(Zones) کی سطح پہ علاقائی مجلس سیرت بنائی گئی ہیں۔ اس سطح پہ مربی ہوا کرتے ہیں جو کہ اساتذۂ سیرت کی نگرانی کرتے ہیں کہ وہ کیسے پڑھا رہے ہیں، ان کا کردار، نظریات و گفتار کیسا ہے، نصابی مواد (Course Contents) کیا ہیں۔ اس سب کی نگرانی مربی حضرات کرتے ہیں۔ مربی کے ماتحت استاد ہوتے ہیں، ایک استاد کے حلقے میں پچیس(۲۵) سے پچاس(۵۰) شاگرد ہوا کرتے ہیں۔

---

۱۲۔ مفتی غلام الرحمن، **فتاوی مجلس فقہی** (پشاور: العصر اکیڈمی)، ۴۳۔

سیرت کے واقعات سے ان حلقوں میں کس طرح سے فائدہ حاصل کیا جاتا ہے؟ اس کا طریقہ کار یہ ہے مخاطب کے مطابق کہ سامنے کون ہے؟ کس فیلڈ سے تعلق رکھتا ہے؟ اور اس کا مسئلہ کیا ہے؟ ان تمام باتوں کو مد نظر رکھ کر ہی حلقے میں سیرت پر بحث و مباحثہ کیا جاتا ہے تاکہ دل چسپی کے ساتھ ربط و تعلق قائم رہے۔ چوں کہ نبی کریم ﷺ کی زندگی میں ہر شعبے کے متعلق رہ نمائی ملتی ہے اس وجہ سے ہماری زندگی میں ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے کہ جس کے بارے میں ہمیں نبی کریم ﷺ کی زندگی سے رہ نمائی نہ ملے۔

اس کا فائدہ یہ ہو رہا ہے کہ سیرت پڑھنے کے دوران میں طلبہ میں تفسیر، حدیث، فقہ، عربی وغیرہ میں توجہ اور اہمیت کا احساس ہوتا ہے کہ پڑھنے کے دوران میں ہی ان کی طرف توجہ ہو جاتی ہے تو سیرت کے حلقوں سے البرہان کے مراکز میں دیگر پروگراموں میں داخلے کا سبب بن جاتا ہے۔[۱۳]

## سٹوری ٹیلنگ

### اسلام ۳۶۰ (Islam 360)

یہ ایک مشہور دینی ایپ ہے جو کہ موبائل میں استعمال کی جاتی ہے۔ اس میں مختلف فیچرز (Features) ہیں قرآن مختلف اسطار کے اور مختلف مفسرین کی ترجمہ و تفسیر کے ساتھ، حدیث کی مختلف مشہور کتب جن میں صحاح ستہ ترجمہ کے ساتھ، نماز کے اوقات، مسنون دعائیں، ساتھ ہی ان میں ایک فیچر سیرت کا بھی موجود ہے (Seeratun Nabi) کے نام سے جس میں چھ سیزن موجود ہیں ہر سیزن میں قسط وار ویڈیوز موجود ہیں۔ ان ویڈیوز میں سے ہر ایک کو عنوان دیا گیا ہے اور ہر ویڈیو میں کہانی کی طرح سیرت کو بیان کیا گیا ہے۔ ویڈیوز میں تصاویر کی مدد سے اور مختلف خاکوں کی مدد سے سیرت کو بیان کیا گیا ہے۔[۱۴]

### اسلام ون (Islam One)

یہ بھی ایک دینی ایپلیکشن ہے جس میں قرآن ترجمہ و تفسیر، اردو اور انگلش زبان میں ترجمہ و تفسیر، مستند احادیث کی کتب موجود ہیں۔ مختلف دعاؤں کے ساتھ ساتھ اس میں سیرت کا فیچر ہے، اس میں نبی ﷺ کی زندگی اور آپؐ کے تینتیس (۳۳) مشہور صحابہ کی زندگیوں کو عام تھیوری بنا کر اس میں فیڈ کیا گیا ہے۔ تقریباً تمام مواد کو دو سو اڑتالیس ابواب میں لکھا گیا ہے اور اس ایپ میں فیڈ کیا گیا ہے۔[۱۵]

---

13– https://www.youtube.com/watch?v=VN9QFfKCLkU.

14– https://theislam360.com/features.

15– https://islamoneapp.github.io/#:~:text=Seerat.

## نتائج

اس آرٹیکل میں تعلیم و تعلم کے طریقوں کے متعلق بیان کیا گیا ہے اور سیرت النبی ﷺ جدید طرز تعلیم میں کس طرح سے ڈھالا جا سکتا ہے، اس پر بحث کی گئی ہے جس سے درجہ ذیل نتائج حاصل ہوئے ہیں:

- سیرت النبی ﷺ کی اہمیت کو مد نظر رکھ کر اس جدید طرز تعلیم میں ڈھالنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ مسلمان کو درپیش چیلنجز کا سدباب کیا جا سکے۔
- چوں کہ نبی اکرم ﷺ کی زندگی انسان کے تمام شعبوں کا احاطہ کرتی ہے اور اس کو وحی کی تائید بھی حاصل ہے، لہٰذا مسلمان کے لیے اس کو سیکھ اس پر عمل کرنا نہایت ضروری اور لازم ہے۔
- ٹیکنالوجی کا استعمال چوں کہ تعلیم و تعلم کو آسان بناتا ہے تو جس طرح یہ دیگر علوم میں فائدہ مند ہے اسی طرح سیرت النبی ﷺ کی تعلیم و تعلم میں بھی اس کو استعمال کرنے میں کوئی حرج اور قباحت نہیں ہے البتہ نبی ﷺ اور ان کے اصحاب کی عظمت کے پیش نظر احتیاط لازم ہے کہ ایسے امور سے گریز کیا جائے جو پیغمبر اسلام ﷺ کے شایان شان نہ ہوں۔

## سفارشات

جیسا کہ یہ بات وضاحت کے ساتھ بیان کر دی گئی ہے کہ ایک مسلمان معاشرے اور اس کے افراد کو سیرت النبی ﷺ کا سیکھنا سکھانا انتہائی اہم اور ضروری ہے تاکہ وہ معاشرے کا ایک مفید فرد بن سکیں۔ آرٹیکل کو مد نظر رکھتے ہوئے ذیل میں سفارشات تجویز کی جاتی ہیں:

- آئین کے تحت ریاست کی ذمے داریوں میں سے ہے کہ وہ دینی اور اسلامی تعلیمات کے لیے اقدامات کرے۔ سیرت جو کہ انتہائی اہمیت کی حامل ہے، اس کے لیے بھی ریاست کو اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔
- تعلیمی نصابوں میں سیرت کا خاطر خواہ حصہ داخل ہونا چاہیے۔
- مدارس، کالجز، یونیورسٹیز اور تعلیمی درس گاہوں کے لیے سیرت النبی ﷺ کے لیے جدید تدریسی طریقۂ تعلیم اختیار کرنا۔

# List of Sources in Roman Script


- Al-Qur'an.
- Al-Bukhari, Muhammad b. Ismail. *al-Jami' al-Ṣaḥīḥ.* Damascus and Beirut: Dar Ibn Kathir, 1423 AH.
- Al-Baghdadī, Muhammad b. Abdullah Al-Khatib. *Mishkāt al-Maṣābīh*. Karachi: Maktabah al-Bushra, 1431 AH.
- Al-Suyutī, Jalal al-Din. *Al-Jāmi' al-Ṣaghīr*. Beirut, Lebanon: Dar al-Kutub al-Ilmiyyah, 1425 AH.
- Mufti Ghulam ur Rahman. *Maḥasin al-Qur'an*. Peshawar: Al-Asr Academy, 1442 AH
- Mufti Ghulam ur Rahman. *Fatāwā Majlis-e Fiqhi*. Peshawar: Al-Asr Academy, 1445 AH.
- The Islam 360. "Features." Accessed March 5, 2025. https://theislam360.com/features.
- IslamOne App. "Seerat." Accessed March 5, 2025. https://islamoneapp.github.io/#:~:text=Seerat.
- YouTube. "Video Title." Accessed March 5, 2025. https://www.youtube.com/watch?v=VN9QFfKCLkU.


۞۞۞۞۞